© rasailojaraid.com

اخبار الجامعہ والجماعۃ

## جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ اہل حدیث نکہ کلاں میں قرآن وسنت کانفرنس

مسجد کے افتتاح کے موقع پر نوتعمیر جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ اہل حدیث نکہ کلاں پہلی سالانہ عظیم الشان قرآن وسنت کانفرنس منعقد ہوئی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سفر حج کی وجہ سے اس کانفرنس میں شریک نہ ہوسکے۔ مہمان خصوصی محمود مرزا جہلمی تھے۔ کانفرنس سے قاری امانت الرحمٰن عثمانی، مولانا عبدالغنی محمدی، قاری خالد مجاہد اور مولانا حافظ طارق محمود یزدانی نے خطاب کیا۔ قاری فدا الرحمٰن طیب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ کانفرنس میں گردونواح سے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

وفیات

## سیٹھی محمد جاوید و سیٹھی آفتاب جمیل اور سیف ادریس کو صدمہ

مورخہ یکم نومبر بروز اتوار سیٹھی محمد جاوید و سیٹھی آفتاب جمیل کی والدہ اور سیف ادریس کی خالہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## حاجی مقبول احمد (رائل جیولرز) کو صدمہ

مورخہ 11 نومبر بروز بدھ حاجی مقبول احمد کے بڑے بھائی غلام محی الدین وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں جہلم کے تاجروں کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## عبدالماجد کوبتی اور سہیل کھوکھر کو صدمہ

مورخہ 16 نومبر بروز سوموار عبدالماجد کوبتی کے والد اور سہیل کھوکھر (پیراڈائز) کے سسر حاجی محمد الیاس کوبتی وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور پارسا انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد رمضان و خالد محمود (ڈھوک امب تحصیل سوہاوہ) کو صدمہ

مورخہ 17 نومبر بروز منگل محمد رمضان کی زوجہ محترمہ اور خالد محمود (ڈھوک امب تحصیل سوہاوہ) کی خالہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد ارشد (گوجر خان) کو صدمہ

مورخہ 18 نومبر بروز بدھ محمد ارشد کے والد راجہ محمد سرور گوجر خان میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مرکزی جامع مسجد اہل حدیث گوجر خان کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد امین (امین جنرل سٹور) و خالد امین اور عاطف امین کو صدمہ

مورخہ 29 نومبر بروز اتوار محمد امین (امین جنرل سٹور) کی بھابھی اور خالد امین و عاطف امین کی تائی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔

## ڈاکٹر عاطف جواد و ڈاکٹر منصور قالب (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 10 دسمبر بروز جمعرات ڈاکٹر عاطف جواد اور ڈاکٹر منصور قالب کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ کے علاوہ جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## ڈاکٹر ظفر محمود، محمد فاروق، ڈاکٹر عبدالرؤف و محمد عثمان کو صدمہ

مورخہ 15 دسمبر بروز منگل ڈاکٹر ظفر محمود کی ممانی، محمد فاروق و ڈاکٹر عبدالرؤف کی والدہ اور محمد عثمان کی دادی محترمہ جادہ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔


© rasailojaraid.com